SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
November 8, 2016

# ایس ای سی پی نے میوچل فنڈ کے تقسیم کاروں کے لئے سہل انضباطی مطلوبات کی منظوری دے دی

اسلام آباد، ۸ نومبر: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے میوچل فنڈ کے تقسیم کاروں کے لئے آسان انضباطی مطلوبات کی منظوری دی ہے تاکہ میوچل فنڈ کی رسائی میں اضافہ اور ریٹیل سرمایہ کاری بڑھائی جا سکے۔ چیئرمین ایس ای سی پی جناب ظفر الحق حجازی صاحب نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کی نشو و نما کے لئے کیپٹل مارکیٹوں کے ذریعے بچتوں اور سرمایہ کاری کو روبہ عمل لانے کی حوصلہ افزائی کرنا نہایت ضروری ہے۔ اس حوالے سے میوچل فنڈ کی صنعت سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ بچت اور سرمایہ کاری کی ثقافت کو فروغ دینے میں اپنا جائز کردار ادا کریں گے۔

نئے فریم ورک کے مطابق وہ تقسیم کار جو واحد ایسٹ مینجمنٹ کمپنی کے میوچل فنڈ یونٹس کی فرخت کرتے ہوں انہیں ایس ای سی پی یا میوچل فنڈز ایسو سی ایشن آف پاکستان (موفاپ) سے لائسنس کے حصول کی کوئی ضرورت نہیں۔ ریٹائرڈ سرکاری و نیم سرکاری اہل کاروں، ریٹائرڈ بینک افسران اور بیمہ ایجنٹس کا ایک نیا گروہ میوچل فنڈز کے تقسیم کار کی طور پر کام کرنے کے اہل ہوں گے۔

امید ہے کہ ایس ای سی پی کے مجوزہ اقدامات میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کو ترجیحی انتخاب کے طور پر کے فروغ دینے کے لئے قابل افراد کے بطور تقسیم کار کام کرنے کی حوصلہ افزائی میں مددگار ثابت ہوں گے۔ یہ اقدامات میوچل فنڈ کی صنعت اور سرمایہ کاروں کی شراکت سے منسلک کیپٹل مارکیٹ کی ترقی خاص طور پر ریٹیل سرمایہ کاروں سے منسلک میوچل فنڈ صنعت کی طویل مدّتی نمو میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

نیز یہ کہ نئے گریجوایٹ کے ساتھ ساتھ تجربہ کار پیشہ وروں کے لئے کئی نئی آسامیاں تخلیق کرنے کی بھی صلاحیت رکھتا ہے۔ ایس ای سی پی نے ضوابط برائے غیر بینکی کمپنیوں اور نوٹی فائیڈ اینٹی ٹیز، ۲۰۰۸ میں ضروری ترامیم کی ہیں جو عوامی آراء کے لئے ویب سائٹ کے درج ذیل لنک پر موجود ہیں:

https://www.secp.gov.pk/laws/draft-for-discussion/draft-rules-regulations/

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254